سوال

(199) دورانِ اذان مسجد میں آنے والا شخص کیا کرے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کوئی شخص مسجد میں اس وقت آئے، جب مؤذن اذان دے رہا ہو تو افضل کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

افضل یہ ہے کہ وہ مؤذن کی اذان کا جواب دے، پھر اذان کے بعد والی مسنون دعا کا ورد کرے اور پھر تحیۃ المسجد پڑھے، البتہ بعض علماء نے اس سے اس صورت کو مستثنیٰ قرار دیا ہے کہ جب کوئی مسجد میں جمعہ کے دن اس وقت داخل ہو، جب مؤذن دوسری اذان دے رہا ہو تو وہ تحیۃ المسجد پڑھے کیونکہ اسے خطبہ سننا ہے۔ انہوں نے اس کا سبب یہ بیان کیا ہے کہ خطبہ سننا واجب ہے اور مؤذن کی اذان کا جواب دینا واجب نہیں اور غیر واجب کی نسبت واجب کی حفاظت کرنا زیادہ بہتر ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 249

محدث فتویٰ